آداب ۔ یہ آکاش وانی سرینگرہے۔خبرونکا بلیٹن لیکر مینسنجیو کمار۔

پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

*....ملک میں شہریت کا تعین یا کسی شخص کو غیر ملکی قرار دینے کاعمل منصفانہ اور اصولِ انصاف پر مبنی ہونا چاہئے//سپریم کورٹ۔

*....بھارت کی تعمیر وترقی مینسائنسدانوں اور روحانیت کے پیشواؤنکا کلیدی رول //لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا کا لل دید لیٹریچر ایوارڈ سے متعلق منعقدہ تقریب میں اظہار خیال ۔

*....سالانہ شری امرناتھ جی یاترا احسن طریقے پر جاری//اب تک قریب 3لاکھ یاتریوں نے گپھا میں دی حاضری۔

اور

*....چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے کینسر کے چلینج سے نمٹنے کیلئے ایک جامع اور اختراعی حکمت عملی اپنانے کی ضرورت پر دیا زور۔

سپریم کورٹ:

سپریم کورٹ نے ایک اہم فیصلے میں کہاہے کہ کسی بھی شخص کی شہریت کا تعین یا اُسے غیر ملکی قرار دینے کا عمل مکمل طور پر منصفانہ اور اصولِ انصاف کے مطابق ہونا چاہئے۔

جسٹس وکرم ناتھ اور جسٹس سندیپ مہتا پر مشتمل دو رکنی بنچ نے آسام کے فارنرز ٹریبونلز اور گوہاٹی ہائی کورٹ کے اُن فیصلوں کو کالعدم قرار دیا ہے جن کے تحت 27افراد کو غیر ملکی قرار دیا گیا تھا۔

عدالت عظمیٰ نے ہدایت دی ہے کہ اُن تمام مقدمات کی دوبارہ سماعت فارنرز ٹریبونلز میں کی جائے اور اس دوران درخواست گزاروں کے خلاف کوئی بھی سخت یا جبری کاروائی نہیں کی جانی چاہئے۔

ایل جی:

لیفٹیننٹ گورنر منوج سِنہانے کہا ہے کہ بھارت کی سب سے بڑی طاقت اس کی عظیم روحانی، سائنسی اور ثقافتی شناخت ہے اور اب اس عظیم تہذیبی وارثت کو جمونو کشمیر کے نوجوانواں کی خود انحصاری اور یوٹی کی تعمیر کے لئے مشعل راہ بنانے کا وقت آگیاہے۔

وہ لل دید لٹریچر ایوارڈاور ڈاکٹر ویدیہی تمن کی تصنیف ”لل دید: The Mother of Kashmir“ کی رسم رونمائی کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔اس موقعے اُنہوں نے کہا کہ ہمارے اَسلاف نے سائنس اور گہرے روحانی اَقدار میں توازن قائم کرکے یہ ثابت کردیا کہ ہندوستان کی تعمیر اور ترقی کے لئے سائنسدانوں اور روحانیت کے پیشوا دونوں کی ضرورت ہے ۔

---

منوج سنہا نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو اپنی تہذیبی جڑوں سے جوڑنااور انہیں مقصد کے ساتھ حدود سے باہر سوچنے کی ترغیب دینا ادیبوں کی ذمہ داری ہے۔

تقریب میں اُتراکھنڈ کے سابق وزیر اعلیٰ تیرتھ سنگھ راوت ، پدم شری ڈاکٹر ایس پی ورما اورکئی ممتاز ادبی شخصیات کے علاوہ ، پولیس اور سیول انتظامیہ کے افسران بھی موجود تھے۔

چیف سیکرٹری:

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران یوٹی میں ایک جامع کینسر کئیر حکمت عملی اپنانے سے متعلق امور کا جائزہ لیا تاکہ یوٹی میں اس مرض کے مریضوں کو اعلیٰ معیار کی طبی سہولیات میسر ہو سکیں۔

چیف سیکرٹری نے اس موقعے پر کہا کہ کینسر ایک بڑے چیلنج کے طور پرابھر رہاہے اور اس پر قابو پانے کیلئے اختراعی حکمت عملی اختیار کرنے کی ضرور ت ہے۔انہوںنے یوٹی کے تمام گورنمنٹ کالجوں میںایک فعال Preventive فریم ورک وجود میں لانے کی ضرورت پر زور دیا۔

اٹل ڈلو:

اسی دوران چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے آج سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جموں وکشمیر میں طبی اور خوشبودار پودوں کی تجارتی پیمانے پر کاشت کرنے کو یقینی بنانے سے متعلق ایک روڈ میپ کاجائزہ لیا۔اس منصوبے کا مقصد اس شعبے کی وسیع معاشی صلاحیت کو بروئے کار لانا اور جموں وکشمیر کو ہمالیائی خطے میں اعلیٰ اقدار کے طبی پودوں کا اہم مرکزبناناہے۔

میٹنگ میں زراعت کے ایڈیشنل چیف سیکرٹری ،سکاسٹ کشمیر اور سکاسٹ جموں کے وائس چانسلرز ،جنگلات کے کمشنر سیکرٹری اور دیگر کئی سینئر افسران موجود تھے۔

سنجیو ورما:

جموں وکشمیر کے چیف الیکٹورل آفیسر سنجیو کمار ورما نے آج جموں میں ایک میٹنگ کے دوران یوٹی میں مجوزہ چناو کانفرنس کی تیاریوں سے متعلق انتظامات کا جائزہ لیا۔

میٹنگ میں تعلیمی اداروں ، یونیورسٹیوں اور دیگر متعلقین کی شرکت سے متعلق مختلف معاملات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن آف انڈیا نے الیکٹورل لیٹریسی کلبوں کے نیٹ ورک کو مستحکم کرنے کیلئے ایک پروگرام شروع کیاہے اور اسی سلسلے میں جموں میں ایک کانفرنس منعقد ہورہی ہے۔

انہوں نے کہا کہ کانفرنس کے دوران یوٹی بھر کے اسکولوں ،کالجوں اور یونیورسٹیوں میں الیکٹورل لیٹریسی کلبوں کو مستحکم کرنے پر توجہ مرکوز کی جائے گی۔

IMPA:

امپارڈ سرینگر میں آج DOPT نے کیپیسٹی بلڈنگ کمیشن کے IMPA اور GAD کے جمونوکشمیر انتظامیہ کے اشتراک سے اعلیٰ افسروں کیلئے2روزہ تربیتی پروگرام کی شروعات کی۔

کرم یوگی کرتویہ کاری کرم کے تحت منعقدہ اس تربیتی پروگرام کا بنیادی مقصد انتظامیہ سے جڑے افسروں کی صلاحیت سازی کو یقینی بنانا نیز عوامی خدمات میں بہتری لانا ہے۔

پروفیسر ڈاکٹر رقیہ امین کے ساتھ Associate اس تربیتی پروگرام کے بارے میں جب ہمارے نمائندے سہیل بٹ نے امپا کی بات کی تو انہوں نے کہا۔

----

تربیت پانے والی ایک آفیسر Ritika Koul نے تربیت کے تعلق سے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا۔

--

MBBS:

نیشنل میڈیکل کمیشن نے جموں وکشمیر میں طبی تعلیم کے شعبے کو مستحکم کرنے کیلئے گورنمنٹ میڈیکل کالج جموں کی مزید نشستوں کو منظوری دی ہے۔MBBS کیلئے

نیشنل میڈیکل کمیشن کے میڈیکل اسسمنٹ اینڈ ریٹنگ بورڈ نے کالج کیلئے 50سیٹوں کے اضافی کوٹے کیلئے منظوری کے ایک خط کوجاری کیا ہے۔اس طرح سے کالج میں سال 2026-27کیلئے اب ان سیٹوں کی تعداد 2سو سے اڑھائی سو ہوگئی ہے۔

یاد رہے کہ رواں مہینے کی 10تاریخ کو نیشنل میڈیکل کمیشن نے GMCسرینگر کیلئے بھیMBBS کی 50اضافی سیٹوں کو منظوری دی تھی۔

وقفہ:

یہ خبریں آپ آکاش وانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔

خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR اور DTH پر بھی سماعت کرسکتے ہیں۔

یاترا:

سالانہ شری امرناتھ جی یاترادونوں روایتی راستوں بال تل اور پہلگام سے احسن طریقے پر جاری ہے اور اب تک لگ بھگ3 لاکھ یاتریوں نے پوتر گپھا میں حاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کئے۔

آج سہ پہر 5بجے تک 24ہزار سے زائد یاتریوں نے گپھا میں حاضری دی۔درشن کرنے والے یاتریوں میں سے بیشتر اپنے اپنے گھروں کو لوٹ گئے ہیں اور وہ یہاں کی بے مثال خوبصورتی اور مہمان نوازی سے کافی مطمئن نظر آرہے ہیں۔

دریں اثنا 7ہزار754شردھالوؤں پر مشتمل 12واں قافلہ آج وادی پہنچ گیا، جن میں سے 2ہزار896 نے بال تل جبکہ 4ہزار858یاتریوں نے پہلگام کے راستے یاترا کررہے ہیں۔

ایڈوائزری:

عدالتِ عظمیٰ کی ہدایات کے مطابق اس سال شری امرناتھ جی یاترا پر آنے والے یاتریوں کی زیادہ سے زیادہ روزانہ تعداد طے کی گئی ہے۔

جن شردھالوؤں نے ایڈوانس رجسٹریشن نہیں کرائی ہے ان سے کہا گیا ہے کہ وہ تتکال سہولت سے استفادہ کرکے اپنی رجسٹریشن کرنے کے بعد ہی جموں وکشمیر پہنچ جائیں۔

ایک سرکاری بیان میں بغیر رجسٹریشن کے جموں وکشمیر پہنچے سبھی یاتریوں کو اپنی باری کا انتظار کرنے اور انتظامیہ کی طرف سے مقرر کی گئی تاریخ پر یاتراشروع کرنے کی تاکید کی گئی ہے۔

من کی بات:

وزیر اعظم نریندر مودی 26 جولائی کواپنے ماہانہ ریڈیو پروگرام"من کی بات"مینمختلف موضوعات پر اظہارخیال کریں گے۔

یہ اس ریڈیو پروگرام کا 136واں شمارہ ہوگا۔لوگوں سے کہا گیا ہے کہ وہ اپنی آراءاور تجاویز24جولائی تک ٹول فری نمبر 1800-11-7800 MyGov اوپن فورم کے ذریعے بھیج سکتے ہیں۔اس کے علاوہ 1922 پر مسڈ کال نریندر مودی ایپ یا دیگر ایس ایم ایس پر موصول ہونے والے لنک کو فالو کر کے اپنی آراءاور تجاویز براہ راست وزیر اعظم کو بھیجے جا سکتے ہیں۔

ڈائریکٹر ایگریکلچر:

سرینگر میں آج محکمہ زراعت کی طرف سے ایک روزہ ضلعی سطح کا Workshop cum Exibhition کا انعقاد ہوا جس میں قمر واری ، برین اور ہارون زون کے کسانوں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

ورکشاپ کی صدارت ناظم زراعت کشمیر سرتاج احمد شاہ نے کی۔اس موقعے پر انہوں نے دیہی علاقوں میں اقتصادی ترقی میں بدلاؤ لانے کے حوالے سے باغبانی شعبے کے رول کو اجاگر کیا۔انہوننے فلیگ شپ ہارٹیکلچر ڈیولپمنٹ پروگرام کے تحت دستیاب مواقعے سے متعلق بھی کسانوں کو جانکاری دی۔

پولیس:

یوٹی میں جاری سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں وکشمیر ابھیان کے تحت پولیس نے آج سوپور میںایک مفرور منشیات سمگلر کی ایک کروڑ روپے سے زائد جائیداد اٹیچ کی ہے۔

پولیس پریس بیان کے مطابق یہ جائیداد محمد اشرف میر ساکنہ جامع قدیم سوپور کی ہے جو کہ اس وقت Krankshivan ColonyNageenbagh-B سوپور میں رہائش پذیر ہے۔مذکورہ شخص کئی NDPS- کیسوں میں ملوث ہے اوراب تک فرار ہے

دریں اثناءنشہ مکت جموں وکشمیر ابھیان کے تحت پولیس سٹیشن کلام آباد میں ایک تھانہ دِوس کا انعقاد ہواجس دوران منشیات کے مضر اثرات،عوامی حفاظت،ٹریفک منیجمنٹ اورنوجوانوں سے متعلق فلاح وبہبود کے مختلف معاملات زیر بحث آئے۔

اطلاع:

سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر نے تعلیمی سال 2026-27کیلئے یونیورسٹی میں انڈر گریجویٹ پروگراموں کے داخلے کیلئے اہل امیدواروں سے آن لائن درخواستیں طلب کی ہیں۔

امیدوار، جو کامن انٹرنس ٹیسٹ 2026میں شامل ہوئے ہیں اور یونیورسٹی کے انڈر گریجویٹ پروگراموں میں داخلے کے خواہاں ہیں ،سے کہا گیا ہے کہ وہ یونیورسٹی کی ایڈمشن پورٹل پر آن لائن رجسٹریشن کریں۔یہ عمل جو 7جولائی سے شروع ہوئی ہے ، 19جولائی تک جاری رہے گی۔

بی جے پی:

بی جے پی جموں وکشمیر کے جنرل سیکرٹری آرگنائزیشن اشوک کول نے آج سرینگر میں کشمیر سے تعلق رکھنے والے بی جے پی مہیلا مورچاؤں کے ضلع صدور کی ایک میٹنگ منعقد کی۔

اس دوران مہیلا مورچہ کے تنظیمی ڈھانچے کے ساتھ ساتھ وادی میں پارٹی کے پروگراموں کی موثر عمل آوری سے جڑے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

اشوک کول نے اس موقعے پر کہا کہ خواتین کو پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے میں کلیدی اہمیت حاصل ہے اور خواتین جموں وکشمیر کے سیاسی منظر نامے میں ایک اہم کردار نبھا رہی ہیں۔

NC:

13- جولائی کی مناسبت سے آج سرینگر میں نیشنل کانفرنس کے ہیڈکوارٹر پر ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا

اس موقعے پر پارٹی صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر عمر عبداللہ کے علاوہ پارٹی کے کئی دیگر رہنماؤں نے بھی خطاب کیا۔انہوں نے کہا کہ پارٹی لوگوں کے حقوق کو تحفظ دینے کیلئے کام کرتی رہے گی۔

ادھر انتظامیہ نے شہر خاص میں امن وامان کو برقرار رکھنے کیلئے سیکورٹی کے معقول انتظامات کئے تھے۔

جی ایم شاہین:

جنتا دل یونائٹیڈجموں وکشمیر کے صدر جی ایم شاہین نے پارٹی کے رہنماؤں سے تلقین کی ہے کہ وہ پنچائتی چناو کی تیاریوں میں سرعت لائیں۔

وہ آج سرینگر میں پارٹی ہیڈ کوارٹر پر شوپیاں سے آئے ایک وفد سے بات چیت کررہے تھے۔انہوننے عوامی مسائل کو اجاگر کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

اطلاع:

سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر نے تعلیمی سال 2026-27کیلئے یونیورسٹی میں انڈر گریجویٹ پروگراموں کے داخلے کیلئے اہل امیدواروں سے آن لائن درخواستیں طلب کی ہیں۔

امیدوار، جو کامن انٹرنس ٹیسٹ 2026میں شامل ہوئے ہیں اور یونیورسٹی کے انڈر گریجویٹ پروگراموں میں داخلے کے خواہاں ہیں ،سے کہا گیا ہے کہ وہ یونیورسٹی کی ایڈمشن پورٹل پر آن لائن رجسٹریشن کریں۔یہ عمل جو 7جولائی سے شروع ہوئی ہے ، 19جولائی تک جاری رہے گی۔

سیتارمن:

رکزی وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے سرکاری شعبے کے بینکوں پر زور دیاہے کہ وہ بیرون ملک مقیم بھارتیوں تک اپنی رسائی مزید بڑھائیں اور ان کیلئے جدید اور پُر کشش ڈیپازیٹ مصنوعات متعارف کرائیں۔

ان باتوں کااظہار انہوں نے آج نئی دلی میں بینکوں اور عوامی مالیاتی اداروں کے منیجنگ ڈائریکٹرس اور چیف فارئن کرنسی قرضوں کے سویپ Overseas اورDeposits ایگزیکٹیوافسران سے غیر مقیم بھارتی بینک ،غیر ملکی کرنسی اقدامات پر تبادلہ خیال کے دوران کیا۔

ٹیکسٹائل ایونٹ:

بھارت کا سب سے بڑا گلوبل ٹیکسٹائل ایونٹ بھارت ٹیکس2026 کل سے بھارت منڈپم نئی دلی میں شروع ہورہاہے۔اس4روزہ تقریب کے دوران ٹیکسٹائلز ، فیشن، دیرپائیت، ٹیکنالوجی ،اختراعیت، سرمایہ کاری اور بین الاقوامی تجارت میں بھارت کی بڑھتی ہوئی عالمی لیڈر شپ کی عکاسی کی جارہی ہے۔

تقریب کے دوران کارخانہ داروں ، برآمد کاروں ، عالمی خریداروں ، سرمایہ کاروں ،پالیسی سازوں ، بین الاقوامی وفود ، کاریگروں ، سٹارٹ اپس اور ٹیکنالوجی دستیاب کرانے والوں کوایک مشترکہ پلیٹ فارم فراہم ہوگا۔

تقریب میں 14ممالک کے نمائش کار شرکت کررہے ہیں۔

فلم فیسٹول:

محکمہ اطلات و تعلقات عامہ نے دنیا بھر کے فلم سازوں سے جموں و کشمیر انٹرنیشنل فلم فیسٹیول2026 میں شرکت کے لیے فلمیں طلب کی ہیں۔فلمیں 31 جولائی 2026 تک داخل کی جا سکتی ہیں۔ متعلقین سے کہا گیا ہے کہ وہ اس سلسلے میں مزید جانکاری ویب سائٹ www.iffjk.org ۔ سے حاصل کریں

واضح رہے کہ جمونو کشمیر فلم فیسٹول2026 سات سے 10 ستمبر 2026 تک SKICC سرینگر میں منعقد ہو گا،جس کا مقصد جموں و کشمیرکوسینما، ثقافت اور تخلیقی تبادلے کے لیے ایک متحرک مقام کے طورپیش کرنا ہے۔

یوا بھارت:

امورنوجوان اورکھیل کود کی مرکزی وزارت نے میرا یوا بھارت کے ذریعے چلائی جارہی ملک گیر مہم ’نشہ مکت یوواافار وکست بھارت‘ کے دوسرے مرحلے کا آغاز کیا ہے۔ اس مہم کے تحت3سطحی فارمیٹ میں مقابلے منعقد کئے جائینگے جن میں 15سے 29سال کی عمر کے نواجوان حصہ لے سکتے ہیں۔

اس مہم کے تحت پہلے ضلعی سطح پر بعدمیں ریاستی اور آخرمینقومی سطح پرمقابلے منعقد کئے جائیں گے۔

وزارت کے مطابق MY Bharat-پورٹل پر رجسٹریشن کا عمل آج سے شروع ہورہاہے

ضلعی سطح کے مقابلے اس ماہ کی 24سے27تاریخ تک منعقد کئے جائیں گے۔

اولمپیاڈ:

کولمبیا میں رواں مہینے کی 4تاریخ سے 12تاریخ تک منعقد ہوئے 56ویں انٹرنیشنل BUCARAMANGA پانچ بھارتی طلباءنے فیزیکس اولمپیاڈ 2026میں سونے کے تمغے جیت لئے ہیں۔

مجموعی طور پر بھارت نے اس اولمپیاڈ میں روس،چین ،کزاکستان،جنوبی کوریا اور تائیوان کے ساتھ دوسری پوزیشن حاصل کی۔

وزیراعظم نریندر مودی نے 5سونے کے تمغے حاصل کرنے کیلئے بھارتی دستے کو مبارکباد دی ہے۔ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ یہ کامیابی ملک کی یوا شکتی نیز سائنس اور تحقیق میں نوجوانوں کی دلچسپی کی ایک اور مثال ہے۔

فیفا ورلڈ کپ:

فیفا عالمی کپ 2026سیمی فائنل مرحلے میں داخل ہوچکاہے۔ پہلا سیمی فائنل بدھ کوفرانس اورسپین کے مابین کھیلا جائے گا جبکہ دوسرے سیمی فائنل مینجمعرات کو انگلینڈ کا مقابلہ ارجنٹینا سے ہوگا۔

ٹورنامنٹ کا فائنل مقابلہ 20جولائی کو نیو جرسی سٹیڈیم میں کھیلا جائےگا۔

موسم:

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں کہیں کہیں پر اگلے 24گھنٹوں کے دوران ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت28.6ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت15.8ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 34.1 ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت23.4 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 30 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر44منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبرونکا یہ بلیٹن ختم ہوا۔اجازت دیجئے خداحافظ۔